37991-حالت حیض میں روزے چھوڑتی رہی لیکن بعد میں نہیں رکھے

سوال

ایک ساٹھ سالہ بوڑھی عورت نے حیض کے احکام سے جاہل ہونے کی بنا پر کئی برس تک رمضان کے چھوڑے ہوئے روزے بطور قضاء نہ رکھے کیونکہ اس نے عام لوگوں سے یہی سنا تھا کہ اس کی قضاء نہیں ہے، اس کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اسے اپنے کیے پر اللہ تعالی سے معافی مانگنی چاہیے اور توبہ کرنی چاہیے کیونکہ اس نے اہل علم سے اس کے بارہ میں استفسار نہیں کیا، اوراس کے ساتھ ساتھ اس پر چھوڑے ہوئے روزوں کی قضاء بھی ہے، اپنے خیال میں جتنے روزے اس نے چھوڑے ہیں اس کی قضاء کرے اور ہر دن کے بدلے میں بطور کفارہ ایک مسکین کو کھانا بھی کھلائے، جو کہ نصف صاع گندم، یا چاول یا کھجور وغیرہ کی شکل میں ہوگا۔

اگر اس میں کفارہ ادا کرنے کی استطاعت ہو لیکن اگر وہ کھانا نہیں کھلا سکتا تو اس سے ساقط ہو جائے گا اور صرف روزہ رکھنا ہی کافی ہے۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے۔.